# نکات برائے پریس کانفرنس حج پالیسی 2024

## حج 2024 کیلئے اٹھائے گئے تاریخی اقدامات

1. وزارتِ مذہبی امور حج اخراجات گذشتہ سال سے کم کرنے میں کامیاب رہی ہے۔
2. سرکاری عازمینِ حج کو سفر حج کیلئے مخصوص رنگت اور شناخت والی مندرجہ ذیل ضروری اشیاء مفت فراہم کی جائیں گی۔ ان اشیاء کا استعمال لازم ہوگا۔ انکے علاوہ دوسرے سفری بیگ یا عبایا وغیرہ قابل قبول نہ ہونگے۔
   a. فضائی سفر کیلئے (30 کلو گنجائش کا حامل) QR کوڈنگ والا بڑا سفری بیگ
   b. فضائی سفر کیلئے 7 کلو گنجائش والا سفری بیگ (ہینڈ کیری)
   c. پاکستانی خواتین کی آسان شناخت کیلئے مخصوص رنگ کا پاکستانی پرچم والا سکارف
   d. مرد عازمینِ حج کیلئے احرام بیلٹ
   e. جوتے رکھنے کیلئے مرد و خواتین عازمینِ حج کیلئے شوز بیگ
3. سعودی عرب میں قیام کے دوران لازمی استعمال کیلئے 7 جی بی ڈیٹا کی حامل موبائل سم فراہم کی جائے گی۔
4. حجاج کی تربیت، ٹریکنگ اور رہنمائی کیلئے لازمی موبائل اپلی کیشن جو آن لائن اور آف لائن یکساں مفید ہوگی۔
5. کراچی ایئرپورٹ سے جانے والے عازمینِ حج کی روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ میں شمولیت جبکہ لاہور ایئرپورٹ کی شمولیت بھی متوقع ہے۔
6. عازمین حج کی آراء کی روشنی میں 20 تا 25 دن کے شارٹ حج پیکیج کا اجراء کیا جارہا ہے۔
7. ماضی کی شیئرنگ رہائش کے ساتھ ساتھ پہلی بار فیملیز کیلئے اضافی اخراجات کی ادائیگی پر صرف مکہ مکرمہ میں 2 بیڈ اور 3 بیڈ کے الگ کمروں کے انتخاب کی سہولت (بشرط دستیابی) دی گئی ہے۔ جن کے فی کس اخراجات لاگو ہوں گے۔
8. مدینہ منورہ میں 8 دن قیام کے ساتھ ساتھ مختصر قیام (3 تا 5 روز) کی سہولت دی گئی ہے۔ مختصر قیام کے اخراجات کم رکھے گئے ہیں۔
9. اکانومی پیکیج کے مکتب کی کیٹیگری D ہے جبکہ سپانسر شپ سکیم کیلئے اضافی اخراجات کی ادائیگی پر مکتب C کی سہولت (بشرط دستیابی) مل سکے گی۔

# اہم نکات برائے حج پالیسی 2024

1. پاکستان کا حج کوٹہ 1 لاکھ 79 ہزار 210 ہے۔
2. سرکاری و نجی حج سکیموں کیلئے کوٹہ کی تقسیم کا تناسب 50 فیصد ہے یعنی ہر ایک کیلئے 89 ہزار 605 سیٹیں مختص کی گئی ہیں
3. سرکاری حج سکیم میں سپانسر شپ میں 25 ہزار سیٹیں مختص ہیں جبکہ پرائیویٹ سکیم کے کل کوٹہ کا نصف یعنی 44 ہزار 803 سپانسر شپ کیلئے مخصوص کیا گیا ہے۔
4. سپانسر شپ سکیم میں شمولیت کیلئے گذشتہ سال کی طرح بیرون ملک سے زرمبادلہ بھجوانا ہوگا۔
5. سرکاری سپانسر شپ سکیم ''پہلے آیئے پہلے پایئے'' کے اصول پر ہوگی اور انہیں قرعہ اندازی سے استثناء ہوگا۔
6. 80 سال سے زائد عازمین حج کیلئے مددگار کا ساتھ ہونا لازم ہے۔
7. گذشتہ 5 حج (یعنی 2017 تا 2023) ادا کرنے والے خواتین و حضرات اس سال درخواست دینے کے اہل نہیں۔ تاہم پہلی بار حج پر روانہ ہونے والی خاتون کے محرم کو استثناء ہوگا۔ مزید یہ کہ سپانسر شپ سکیم والے بھی 5 سالہ پابندی سے مستثنیٰ ہیں۔
8. ہارڈشپ کوٹہ 5 سو جبکہ لیبر کوٹہ 3 سو مختص کیا گیا ہے۔
9. اسلامی نظریاتی کونسل کے اجلاس نمبر 232 کی سفارشات کی روسے خواتین بغیر محرم حج درخواست دے سکتی ہیں بشرطیکہ خواتین حلف نامہ مہیا کریں کہ انہیں اپنے والدین یا شوہر کی جانب سے سفر حج کی اجازت ہے اور وہ اپنی قابل اعتماد خواتین کے گروپ کے ساتھ حج درخواست جمع کروا رہی ہیں نیز یہ کہ ان کو کسی قسم کے فساد یا خطرے کا اندیشہ نہیں ہے۔
10. سفر حج کی روانگی کے مقامات کے لحاظ سے 448 نشستیں (سرکاری کوٹہ کا 5 فیصد) ویٹنگ لسٹ پر مبنی ہوگا۔
11. کسی کو مفت حج نہیں کرایا جائے گا۔
12. حجاج کو جامع تربیت اور آگاہی مہیا کی جائے گی۔
13. سعودی تعلیمات کے مطابق میڈیکل مشن / معاونین حج / مذہبی امور اور لوکل معاونین پر مشتمل ویلفیئر عملہ تعینات کیا جائے گا۔
14. سعودی عرب میں شکایات کے فوری ازالہ کیلئے مانیٹرنگ ٹیمیں تعینات کی جائیں گی۔ حل نہ ہونے والی شکایات کو پاکستان میں CDC کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ CDC کے فیصلوں کے خلاف اپیلٹ کمیٹی کے پاس اپیل کی جاسکے گی۔
15. تکافل کی بنیاد پر حجاج محافظ سکیم جاری رہے گی۔

# سرکاری حج پیکیج 2024

1. حج پیکیج گزشتہ سال کے مقابلے میں ایک لاکھ ستار کھا گیا ہے۔ یعنی 11 لاکھ 75 ہزار کے مقابلے میں 10 لاکھ 75 ہزار جبکہ حجاج کرام کے لیے سوٹ کیس، ہینڈ کیری، عبایا، احرام بیلٹ اور شوبیگ بھی دیے جا رہے ہیں
2. اگر حج پیکیج میں کسی بھی مد میں مزید بچت کرنے میں کامیاب ہوئے تو وہ رقم بھی حجاج کرام کو واپس کی جائے گی۔
3. اضافی سہولیات بشرط دستیابی مہیا کی جائیں گی۔ وگرنہ انکے اضافی اخراجات واپس کیے جائیں گے
4. حج درخواستیں 27 نومبر سے 12 دسمبر 2023 تک وصول کی جائیں گی۔ قرعہ اندازی کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

## سرکاری حج پیکیج 2024

**بنیادی سہولیات** • حج کی تربیت • ویکسی نیشن • سعودی عرب میں طبّی سہولیات • دوطرفہ ہوائی ٹکٹ • مکہ/مدینہ منورہ میں شیئرنگ رہائش • مکمل ٹرانسپورٹ • مشاعر میں مکتب "D" کی سہولیات • کھانا • 5 لیٹر زمزم • تکافل فنڈ

| | | | جنوبی ریجن (کراچی، کوئٹہ، سکھر) | شمالی ریجن (دیگر شہر) |
|---|---|---|---|---|
| لانگ حج پیکیج (38 تا 42 دن/مدینہ 8 دن) | ریگولر حج سکیم | | Rs. 1,065,000 | Rs. 1,075,000 |
| | سپانسر شپ حج سکیم | | $ 3,765 | $ 3,800 |
| شارٹ حج پیکیج (20 تا 25 دن/مدینہ 3 تا 5 دن) | ریگولر حج سکیم | | Rs. 1,140,000 | Rs. 1,150,000 |
| | سپانسر شپ حج سکیم | | $ 4,015 | $ 4,050 |
| اختیاری سہولیات (اضافی اخراجات/رعایت لاگو ہے، سہولت نہ ملنے کی صورت میں اخراجات واپس کیے جائیں گے) | قربانی: | | Rs. 60,000 | $ 215 |
| | مکہ میں رہائش کی کیٹگری (الگ کمرہ، بشرط دستیابی) | ڈبل بیڈ | Rs. 180,000 | $ 635 |
| | | ٹرپل بیڈ | Rs. 60,000 | $ 215 |
| | لانگ پیکیج میں مدینہ 3 تا 5 دن قیام کی رعایت | | (Rs. 35,000) | ($ 120) |
| | منیٰ/عرفات میں مکتب کیٹگری "C" (صرف سپانسر شپ کیلئے بشرط دستیابی) | | | $ 300 |